Hamid / Shabbir

18.03.2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 اسٹارٹ اپ مہاکمبھ آج سے نئی دلّی میں شروع ہورہاہے، جس میں بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکو-نظام کی نمائش کی جائے گی۔

2 وزیراعظم نریندر مودی آج صبح تلنگانہ میں جگتیال کے مقام پر، وجے سنکلپ سبھا سے خطاب کریں گے۔

3 انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلّی جل بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں، کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک کیس میں آج، دلّی کے وزیراعلیٰ اروندکیجر یوال کو طلب کیا ہے۔

4 امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی، CUET-UG کے امتحانات 15 سے 31 مئی کے درمیان کرائے گی، جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا تھا۔

5 ولادیمیر پوتن، روسی صدارتی انتخابات میں، ریکارڈ پانچویں بار فتحیاب ہوئے ہیں۔

6 اور کرکٹ میں: خواتین کے پریمیر لیگ کے فائنل میں رائل چیلنجرز بنگلور نے دلّی کیپیٹلز کو 8 وکٹ سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Startup Mahakumbh

اسٹارٹ اپ مہاکمبھ، آج سے نئی دلّی میں شروع ہورہاہے، جس میں بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکو-نظام کو نمایاں کیا جائے گا۔ یہ نمائشی پروگرام، بھارت منڈپم میں بدھ تک جاری رہے گا۔

اِس پروگرام میں، مختلف شعبوں پر توجہ دیتے ہوئے پویلین قائم کیے گئے ہیں، جن میں مصنوعی ذہانت AI، کاروبار سے کاروبار B2B، زراعتی ٹیکنالوجی، ڈیپ ٹیک، آب و ہوا سے متعلق ٹیکنالوجی، گیمنگ، ای-اسپورٹس، مالیات سے متعلق ٹیکنالوجی، فِن ٹیک، انکیوبیٹرس اور Accelerators شامل ہیں۔

اس نمائش کا مقصد، اسٹارٹ اپس اور بہت سے سرمایہ کاروں کے درمیان رابطہ قائم کرانا ہے، جن میں پروجیکٹوں میں اثاثہ لگانے والے، سرمایہ کار اور امکانی کارپوریٹ شراکت دار بھی شامل ہیں۔

نئی دلی میں اِس سے متعلق ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے DPIIT کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کہا کہ یہ اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہے جو قومی راجدھانی میں اتنے بڑے پیانے پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں، دنیا کا تیسرا سب سے بڑا ایکو-نظام موجود ہے اور اسٹارٹ اپ ایکو-نظام میں ہر روز کافی زیادہ اضافہ ہورہا ہے۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ امید ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی بھی اِس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

دس ملکوں کے دو ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اپس، مستقبل کے 30 ہزار آنتر پرینیور، 50 ہزار تجارتی Visitors، ہزاروں سرمایہ کار اور پانچ سو سے زیادہ اِنکیوبیٹرس اور مندوبین، اِس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

نئ دلّی میں ایک میڈیا گروپ کی طرف سے منعقد کیے گئے ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت میں اسٹارٹ اپس کی تعداد میں پچھلے دس سال میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

PM Modi On Startup

Telangana PM Visit

تلنگانہ میں آج صبح Jagtial کے مقام پر وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی کی وجے سنکلپ سبھا کے لیے BJP لیڈروں نے سبھی انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔جناب مودی تقریباً ساڑھے گیارہ بجے Gita Vidyalayam کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ناظم آباد، کریم نگر اور Peddapalli پارلیمانی حلقے کے BJP امیدوار بھی اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ لوک سبھا ممبر اروند دھرم پوری اور نظام آباد ضلع کے پارٹی صدر، کے۔دنیش کمار نے عوامی جلسے کے تعلق سے کی گئی سبھی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

پچھلے پانچ روز کے دوران جناب مودی کا تلنگانہ میں یہ تیسرا پروگرام ہے۔ انھوں نے ملک کے جنوبی حصے میں اپنے پانچ روزہ ریاستی دورے کے حصے کے طور پر ملکاج گری میں ایک روڈشو میں حصہ لیا تھا اور دو دن قبل نگر کرنول میں وجے سنکلپ سبھا سے خطاب کیا تھا۔x

Punjab Polls

پنجاب میں لوک سبھا انتخابات کے لیے ساتویں اور آخری مرحلے میں ایک جون کو ووٹنگ ہوگی۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ پنجاب میں مجموعی طور پر 2 کروڑ 12 لاکھ 71 ہزار سے زیادہ ووٹرس ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Shishu Sharma Shantal

*پورا متھرا شہر رنگوں سے بھر گیا ہے کیونکہ گُل Barsana کی مشہور*
*Laddo Mar Holi کے ساتھ دس روزہ برج کی ہولی کی تقریبات شروع*
*ہوگئی ہیں۔ Barsana گاؤں میں لڈو مار ہولی کے بعد یہ تقریبات آج لٹھ*

*مار ہولی میں منتقل ہوجائے گی جس میں پڑوسی شہروں بالخصوص متھرا سے مرد حضرات اس منفرد تقریب میں حصہ لینے کے لیے Barsana گاؤں آتے ہیں۔Barsana گاؤں کی خواتین کھیل کھیل میں انھیں لٹھ سے مارتی ہیں۔*

*اس مہینے کی 25 تاریخ کو ملک بھر میں ہولی منائی جائے گی۔ x*

ED Kejriwal

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے دلّی کے وزیراعلیٰ اروندکیجر یوال کو اپنے سامنے پیش ہونے کو کہا ہے۔ انہیں دلّی جَل بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق، کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں طلب کیا گیا ہے۔ اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ آج قومی راجدھانی میں تحقیقاتی ایجنسی کے دفتر میں اُس کے سامنے پیش ہوں اور کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام کے قانون PMLA کی شقوں کے تحت اپنا بیان ریکارڈ کرائیں۔ PMLA کے تحت یہ دوسرا کیس درج کیا گیا ہے جس میں جناب کجریوال کو طلب کیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے اُنہیں دلی ایکسائز پالیسی سے متعلق بھی، منی لانڈرنگ کے ایک کیس میں پوچھ تاچھ کے لیے ابھی تک 8 سمن بھیجے جاچکے ہیں جنہیں انہوں نے غیرقانونی کہہ کر نظرانداز کردیا ہے۔

ڈائریکٹوریٹ نے انہیں ایکسائز پالیسی کیس میں اِس ماہ کی 21 تاریخ کو اپنے سامنے پیش ہونے کے لیے نواں نوٹس بھیجا تھا۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے، دلّی جل بورڈ کیس میں الزام لگایا ہے کہ رشوت کی یہ رقم بدعنوانی سے حاصل کی گئی ہے۔ یہ رقم دلّی کے اِس سرکاری محکمے کی طرف سے جاری کیے گئے ایک ٹھیکے کے تحت، عام آدمی پارٹی کو چناؤ فنڈز کے طور پر منتقل کی گئی تھی۔

پچھلے مہینے ایجنسی نے جناب کیجر یوال کے پرسنل اسسٹنٹ Bibhav Kumar، پارٹی راجیہ سبھا ممبرپارلیمنٹ این ڈی گپتا اور دیگر لوگوں کے ٹھکانوں پر اسی تفتیش کے سلسلے میں چھاپے مارے تھے۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

NTA CUET

امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA، اپنے پہلے کے اعلان کے مطابق CUET-UG، پندرہ سے 31 مئی کے درمیان منعقد کرائے گی۔ اِس مدت میں‌دو تاریخیں ایسی ہیں، جو عام انتخابات کی تاریخوں 20 اور 25 مئی سے ٹکرا رہی ہیں۔

UGC کے چیئرپرسن ایم جگدیش کمار نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہاکہ 26 مارچ کو، درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ کے بعد CUET-UG کیلئے رجسٹریشن کرانے والے طلبہ کی تعداد اور اُن کے علاقوں کی تقسیم کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی۔ انھوں نے کہاکہ اِن اعدادو شمار اور انتخابات کی تاریخوں کی بنیاد پر، این ٹی اے CUET-UG، کی تاریخوں کا اعلان 15 سے 31 مئی کے درمیان کرے گی۔ x

## India Maldives HLCG

بھارت۔مالدیپ اعلیٰ سطحی کور گروپ کی تیسری میٹنگ کل مالے میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران فریقین نے بھارتی ہوابازی پلیٹ فورمس میں جاری تعاون کے لئے بھارتی تکنیکی عملے کی تعیناتی کےعمل کا جائزہ لیا۔

یہ پلیٹ فارمس، مالدیپ کے لوگوں کو انسانی ہمدردی سےمتعلق خدمات فراہم کرتے ہیں۔

ایک سرکاری ریلیز میں محکمہ خارجہ نے کہا کہ دونوں فریقوں نے باہمی تعاون کے وسیع تر موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس دوران باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور بھارت اور مالدیپ کے درمیان عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔

اِس دوران اعلیٰ سطحی کور گروپ کی اگلی میٹنگ نئی دلی میں منعقد کئے جانے سے اتفاق کیا گیا۔

## Navi Pirates

بحیرۂ عرب میں 40 گھنٹے تک جاری آپریشن کے بعد گرفتار کیے گئے 35 بحری قذاقوں کو بھارت لانے کیلئے بھارتی بحری جہاز INS کولکاتہ تیار ہے۔

بحریہ کے حکام نے بتایاکہ INS کولکاتہ نے 35 سمندری ڈاکوؤں کو حراست میں لیا ہے اور وہ انہیں بچائے گئے عملے کے سترہ افراد کے ساتھ بھارت لارہی ہے۔

آپریشن کے دوران بھارتی بحریہ نے اِن قذاقوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا تھا اور عملے کے 17 افراد کو بچالیا تھا۔ یہ کارروائی مرچنٹ کشتی MV Ruen نے ہفتے کے روز انجام دی تھی۔ اس مرچنٹ کشتی کو بھی بھارت لایا جارہا ہے۔ x

## Putin Fifth Term

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے، صدارتی انتخابات میں تاریخی طور پر پانچویں مدت کیلئے کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے اپنی اِس کامیابی کو، جس کا پہلے سے ہی اندازہ تھا، اُن پر ملک کے اعتماد اور امید کی ایک نشانی قرار دیا ہے۔ جناب پوتن نے اِس چھ سالہ مدت کیلئے، 87 فیصد ووٹ حاصل کیے۔

انتخابی افسران نے بتایاکہ دیگر امیدواروں کو پانچ فیصد سے بھی کم حاصل ہوئے ہیں۔ کمیونسٹ امیدوار Nikolai Kharitonov، دوسرے نمبر پر رہے اور انتخابات میں پہلی بار حصہ لینے والے امیدوار Vladislav Davankov تیسرے نمبر پر رہے۔

اِس کامیابی سے روس کے طویل ترین عرصے تک رہنے والے رہنما کے طور پر جناب پوتن کی پوزیشن اور بھی مضبوط ہوگئی ہے۔ اِس سلسلے میں وہ Josef Stalin سے بھی آگے ہوگئے ہیں۔ جناب پوتن نے ماسکو میں اپنی کامیابی کے بعد ایک تقریر میں اپنے حامیوں سے کہاکہ وہ یوکرین میں، بقول اُن کے روسی فوجی کارروائی سے وابستہ معاملات حل کرنے کو ترجیح دیں گے اور وہ روسی فوج کو اور بھی مضبوط بنائیں گے۔ x

North Korea Missiles

شمالی کوریا نے دو مہینے میں پہلی مرتبہ آج کم دوری کے بیلسٹک میزائل کو سمندر میں داغا۔ یہ تجربہ ایسے وقت کیا گیا ہے جب امریکی خارجہ سکریٹری انٹونی بلنکن نے جنوبی کوریا کے صدر Yoon Suk Yeol کی میزبانی میں راجدھانی سیول میں جمہوریت کو فروغ دینے سے متعلق کانفرنس میں شرکت کی۔ جنوبی کوریا کی فوج نے بتایاکہ آج صبح شمالی کوریا کی راجدھانی Pyongyang سے قریب 300 کلو میٹر سے کم دوری کے کئی میزائل داغے گئے جو شمالی ساحل پر گرے۔

جنوبی کوریا نے اسے کھلی اشتعال انگیزی قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی اور کہاکہ وہ اس بارے میں امریکہ اور جاپان سے معلومات مشترک کرے گا۔

وہیں جاپان کے وزیراعظم فومیوکیشیدا نے بھی میزائلوں کو داغے جانے کی مذمت کی ہے۔ جاپان کے کوسٹ گارڈز نے بھی اس واقعے کو رپورٹ کیا ہے اور کہاہے کہ یہ بیلسٹک میزائل ہی معلوم ہوتی ہیں۔ x

PM J&K

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب تک کے پہلے Formula-4 کار شو سے، جو سری نگر میں Dal Lake کے کنارے منعقد کیا گیا تھا، جموں وکشمیر کی خوبصورتی کی نمائش کرنے میں مزید مدد ملے گی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت Motor اسپورٹس کو فروغ دینے کے لیے شاندار موقعوں کی پیش کش کرتا ہے اور سری نگر اُن مقامات میں سے ایک مقام ہے جہاں یہ ممکن ہے۔

کل Dal Lake کے کنارے پر اپنی نوعیت کا پہلا Formula 4 کار شو منعقد کیا گیاتھا۔x

## Meghalaya Strawberry Festival

میگھالیہ کا میٹھا اور رسیلا پھل اسٹرا بیری ہر کسی کو اپنی جانب راغب کرتا ہے۔ یہاں آنے والے سیاح اسٹرابیری اگانے کا طریقہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ میگھالیہ کی رسیلی اسٹرا بیری ملک بھر میں اپنی مٹھاس کیلئے مشہور ہیں۔ میگھالیہ کی اسٹرا بیری کی مقبولیت میں اضافے کے مقصد سے ہر سال ریاست میں 5 اپریل سے 13 اپریل تک اسٹرا بیری فیسٹیول منایا جاتا ہے۔

سیاحت، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے اس فیسٹیول کا انعقاد کرتے ہیں۔

اسٹرا بیری مہوتسو کے دوران مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ کسانوں کی اسٹرابیری اگانے کے لیے حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ باغبانی کی ڈائریکٹوریٹ نے مختلف مرکزی اور ریاستی اسکیموں کے تحت ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر اسٹرا بیری کے پودے لگائے ہیں۔ دوسری جانب میگھالیہ میں اسٹرا بیری اگانے کا موسم شروع ہو چکا ہے۔x

## Laddo mar Holi

پنجاب میں اس سال 2019 کے مقابلے ووٹروں کی تعداد میں 3 لاکھ 78 ہزار کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔ اس تعداد میں 2 لاکھ 24 ہزار سے زیادہ ووٹرس خواتین ہیں۔

پنجاب کی تیرہ لوک سبھا سیٹوں میں پٹیالہ لوک سبھا حلقے میں سب سے زیادہ 17 لاکھ 87 ہزار ووٹرس ہیں جبکہ سنگرور میں سب سے کم 15 لاکھ پچاس ہزار رائے دہندگان ہیں۔

ریاست میں رائے دہندگان کو اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کے لیے ایک جون کو آخری مرحلے کا انتظار کرنا ہوگا۔ تاہم انھیں نتائج کے لیے زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ کے حصوں کے لئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے دفتر نے بتایا ہے کہ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ویدربھ، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ کے زیادہ تر حصوں میں دور دور تک ژالہ باری، گرج چمک، بجلی اور تیز رفتار ہوائیں چلیں گی۔ تلنگانہ، آندھرا پردیش اور شمال مشرقی بھارت کے حصوں میں اگلے دو روز کے درمیان گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوگی۔

جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج بارش اور برفباری ہونے کا بھی امکان ہے۔

اِس دوران کیرالہ، آندھرا پردیش، تمل ناڈو اور پڈوچیری کے زیادہ تر حصوں میں گرمی اور اُمس کا موسم جاری رہے گا۔

موسمیات کے دفتر نے بتایا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، پنجاب اور شمال مشرق اور جنوبی بھارتی جزیرۂ نما کے کچھ حصوں کو چھوڑ کر ملک کے زیادہ تر حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے دو سے تین ڈگری سیلسیس سے کم رہے گا۔ x

WPL Result

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ کے فائنل میں کل رات نئی دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجرس بینگلور نے Delhi Capitals کو آٹھ وکٹ سے شکست دی۔ Delhi Capitals کے 114 رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے بینگلور نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں دو وکٹ کے نقصان پر 115 رن بنائے۔ بینگلور کے لیے Ellyse Perry نے سب سے زیادہ 35 رن بنائے۔

اِس سے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے Delhi Capitals کی ٹیم 18 اوورس اور تین گیندوں میں 113 رن پر ہی سمٹ گئی۔ Delhi Capitals کے لیے شفالی ورما نے سب سے زیادہ 44 رن بنائے۔ Sophie Molineux میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمندعلی خان

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کونمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی جانب سے شہریت ترمیمی قانون، CAA پر مغربی ممالک کو دیے گئے جواب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ CAA کو ملک کی تقسیم کے پسِ منظر میں رکھنا ضروری ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے ارونا چل پردیش اور سکم اسمبلی انتخابات کے لیے نتیجوں کی نئی تاریخ کے اعلان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ انتخابی کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ اروناچل پردیش اور سکم اسمبلی کے نتیجوں کا اعلان اَب 2 جون کو ہوگا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے انتخابی کمیشن کی اُس اپیل کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے جس میں اُس نے کہا ہے کہ انتخابات کے دوران ماحولیات کے تحفظ کے لیے کاغذ کا کم استعمال کیا جائے اور سنگل یوز پلاسٹک کا استعمال بالکل نہ کیا جائے۔ ساتھ ہی اخبار نے کمیشن کی ویب سائٹ پر انتخابی بانڈز کا نیا ڈیٹا اپلوڈ کئے جانے کی خبر کو بھی نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کے جموں و کشمیر کے DGP کے بیان کو نمایاں جگہ دی ہے۔ DGP سوین نے کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کی حکمتِ عملی اور روڈ میپ بالکل واضح ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 اسٹارٹ اپ مہاکمبھ آج سے نئی دلّی میں شروع ہورہاہے، جس میں بھارت کے اسٹارٹ اپ ایکو-نظام کی نمائش کی جائے گی۔

2 وزیراعظم نریندر مودی آج صبح تلنگانہ میں جگتیال کے مقام پر، وجے سنکلپ سبھا سے خطاب کریں گے۔

3 انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلّی جل بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں، کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک کیس میں آج، دلّی کے وزیراعلیٰ اروندکیجریوال کو طلب کیا ہے۔

4 امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی، CUET-UG کے امتحانات 15 سے 31 مئی کے درمیان کرائے گی، جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا تھا۔

5 ولادیمیر پوتن، روسی صدارتی انتخابات میں، ریکارڈ پانچویں بار فتحیاب ہوئے ہیں۔

6 اور کرکٹ میں: خواتین کے پریمیر لیگ کے فائنل میں رائل چیلنجرز بنگلور نے دلّی کیپیٹلز کو 8 وکٹ سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---